# سدرن پنجاب سیکنڈ الیون کرکٹ ٹیم کے کپتان نوید یاسین کو وارننگ جاری

**لاہور، 18 نومبر 2019ء :**

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے میچ میں سدرن پنجاب کے کپتان نوید یاسین کوتنبیہ جاری کردی گئی ہے۔ واقعہ سدرن پنجاب اور سندھ کی سیکنڈالیون ٹیموں کے درمیان این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں کھیلے گئے میچ کے آخری روز پیش آیا۔

نوید یاسین نے میچ کے آخری روز ذوالفقار بابر کی جگہ متبادل فیلڈر کو میدان میں اتارنے سے متعلق فیصلے کے بارے میں امپائرز کو آگاہ نہیں کیا تھا۔ اس بناء پر سدرن پنجاب کے کپتان نوید یاسین کو آن فیلڈ امپائرز خالد محمود سینئر اور آلِ حیدر نے پی سی بی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل2.20 کی خلاف ورزی کرنے پر چارج کیا گیا۔

نوید یاسین کو کھیل کی ساکھ کو نقصان پہنچانے سے متعلق لیول 1 جرم کا مرتکب پایا گیا ہے۔

نوید یاسین کی جانب سے اعتراف جرم کرنے کے باعث میچ ریفری افتخار احمد نےکپتان سدرن پنجاب سیکنڈ الیون کرکٹ ٹیم کے کپتان کو تنبیہ جاری کردی۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk